# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 19 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۹؍جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ عوام کا اعتماد ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہے ' وزیر اعظم کا بیان

☆ کسان سمّان اسکیم کے تحت 9 ؍کروڑ 26 ؍لاکھ کسانوں کو فنڈ کی 17 ؍ویں قسط جاری

☆ یوگا کے 10 ؍ویں عالمی دن کے موقعے پر شری نگر میں مرکزی تقریب کا انعقاد

☆ قانون ساز کاؤنسل کی 11 ؍نشستوں کے انتخابی پروگرام کا اعلان

☆ ریاستی حکومت کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوئی ' او بی سی رہنما لکشمن ہاکے کی وضاحت

اور

☆ مراٹھواڑہ میں کسانوں نے تجویز کردہ شکتی پیٹھ شاہراہ کی تعمیر کو منسوخ کرنے کا کیا مطالبہ

اب خبریں تفصیل سے...

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے عوام نے مسلسل تیسری مرتبہ اُن پر بھروسہ کر کے خدمت کا موقع دیا ہے اور عوام کا یہ اعتماد اُن کے لیے قیمتی اثاثہ ہے۔ وزیر اعظم نے کل وارانسی میں منعقدہ ایک پروگرام میں کسان سمّان فنڈ کے تحت 20 ؍ہزار کروڑ روپۓ سے زائد کی 17 ؍ویں قسط جاری کی۔ اِس موقعے پر خطاب کے دوران انھوں نے یہ بات کہی۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ یہ اسکیم دنیا کی سب سے بڑی راست فائدہ پہنچانے والی اسکیم ہے۔ کل جاری کی گئی یہ رقم 9 ؍کروڑ 26 ؍لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں راست منتقل ہوگی۔ اِن میں مہاراشٹر کے 90 ؍لاکھ 48 ؍ہزار کسان شامل ہیں۔ اِس اسکیم کے تحت اب تک 11 ؍کروڑ سے زائد کسان خاندانوں کو 3 ؍لاکھ کروڑ روپیوں سے زیادہ کا فائدہ ہوا ہے۔ کل وارانسی میں منعقدہ اِس پروگرام کے دوران 30 ؍ہزار سے زائد خواتین میں ' کرشی سکھی ' صداقت نامے وزیر اعظم کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔ اِس پروگرام میں زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان ' اُتر پردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ شریک تھے۔

اِسی دوران ملک بھر کے 50 ؍زرعی ترقیاتی مراکز پر خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ ہنگولی ضلع کے تونڈا پور میں زرعی سائنسی مرکز پر کھیل اور نوجوانوں کے امور کی مرکزی وزیر مملکت رکشا کھڈسے کی موجودگی میں پروگرام میں انعقاد کیا گیا۔ اِس موقعے پر وزیر موصوفہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کسانوں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے کئی اقدام کر رہے ہیں اور مستقبل میں بھی کسانوں کو ہر طرح کی مدد دینے کے لیے حکومت وعدے کی پابند ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک خط کے ذریعے ملک بھر کے سرپنچوں سے یوگا اور موٹے اناج کے استعمال کی خاطر بیداری پیدا کرنے کی اپیل کی ہے۔ اِس خط کے ذریعے وزیر اعظم نے اِس برس کے یوگا دن پر پنچایتوں ‘ اسکولوں ‘ آنگن واڑیوں اور صحت مراکز پر یوگا کے پروگرامس کے انعقاد کی بھی اپیل کی۔ خود کے اور معاشرے کے لیے یوگا یہ اِس برس کے یوگا دن کا تھیم ہے۔

***** ***** *****

آئندہ 21 ؍جون کو منائے جانے والے 10 ؍ویں بین الاقوامی یوگا دن کا مرکزی پروگرام اِس برس سری نگر میں منعقد ہوگا۔ آیوش کے مرکزی وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے کل نئی دِلی میں ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ اِسی بیچ یوگا دن کی مناسبت سے وزیر اعظم نے ششانک آسن سے متعلق معلومات دینے والی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر جاری کی ہے۔ یہ آسن نظام انہضام کو بہتر بناتا ہے اور پیٹھ درد سے راحت دلاتا ہے۔ وزیر اعظم نے اِس آسن کی مشق کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیورس کو سہولیات کی فراہمی کی خاطر علیحدہ کارپوریشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل رکشہ ٹیکسی ڈرائیورس کے ایک وفد سے بات کرتے ہوئے یہ اطلاع دی۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ نے اِس کارپوریشن کے تحت فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق بھی معلومات دی۔ انھوں نے بتایا کہ اِس کارپوریشن کا خاکہ آئندہ چند دنوں میں طئے کیا جائے گا اور محکمہ ٹرانسپورٹ کے دفتر میں ایک علیحدہ ونڈو کھول کر اِس کے فوائد رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیورس تک پہنچائے جائیں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں وزیر اعظم فصل بیمہ اسکیم کے تحت موسم خریف 2024 کے لیے حکومت کے پورٹل www.pmfby.gov.in پر کل سے بیمے کی ادائیگی کا آغاز کیا جا چکا ہے ۔ اِس برس بھی کسانوں کو اپنی پہلے سے ظاہر کی گئی فصل کے بیمے کی ادائیگی کے طور پر صرف ایک روپیہ بھرنا ہوگا ۔ یہ اطلاع زراعت کے ریاستی وزیر دھننجے منڈے نے دی ۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ اِس اسکیم سے استفادہ کرنے کی آخری تاریخ 15 / جولائی ہے ۔ انھوں نے کسانوں سے مذکورہ تاریخ سے قبل بیمے کی ادائیگی کی اپیل کی ہے ۔

***** ***** *****

قانون ساز کاؤنسل کے 11 / اراکین کی معیاد آئندہ 27 / جولائی کو ختم ہو رہی ہے ۔ انتخابی کمیشن نے اِن نشستوں پر انتخابات کا اعلان کیا ہے ۔ اِس کے لیے آئندہ 25 / جون کو سرکولر جاری کیا جائے گا ۔ امیدواری فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 2 / جولائی ہے اور 5 / جولائی تک نام واپس لیے جا سکتے ہیں ۔ ضرورت پڑنے پر 12 / جولائی کو رائے دہی ہوگی اور اُسی دن شام 5 / بجے ووٹوں کی گنتی کی جائے گی ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ریاستی پولس محکمے میں 17 / ہزار سے زائد عہدوں کے لیے جسمانی صلاحیت جانچ اور امتحان آج سے شروع ہو رہے ہیں ۔ اِن میں پولس سپاہی ، ڈرائیورس ، بینڈ بجانے والے اور جیل محکمہ کے سپاہی شامل ہے ۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ طبقات او بی سی کے رہنما لکشمن ہاکے نے کہا ہے کہ اُن کا کوئی بھی وفد ریاستی حکومت سے مذاکرات کے لیے نہیں جا رہا ہے ۔ او بی سی ریزرویشن میں دخل اندازی نہ کرنے کے مطالبے پر جالنہ کے وڑی گودری میں نوناتھ واگھمارے سمیت انھوں نے بھوک ہڑتال کر رکھی ہے ۔ انھوں نے مانگ کی ہے کہ اِس سلسلے میں ریاستی کابینہ میں فیصلہ لیا جائے ۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے مطالبہ کیا ہے کہ میڈیکل کورسیز میں داخلے کے اِس برس کے اہلیتی امتحان نیٹ کو منسوخ کیا

جائے۔موصوف کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ پٹولے نے ایڈوکیٹ اُجول نکم کے سرکاری وکیل عہدے پر تقرر کرنے اور مانسون کے آغاز پر پولس بھرتی کے لیے جسمانی ٹیسٹ شروع کرنے پر بھی تنقید کی۔ وہیں قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائدِ وِجئے وڈیٹی وار نے مطالبہ کیا ہے کہ جاری برس کے نیٹ امتحان میں بے ضابطگی کی مکمل جانچ کی جانی چاہیے۔ وہ کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس میں بول رہے تھے۔ انھوں نے ذات کی بنیاد پر مردم شماری کی مانگ کو بھی دہرایا۔

اِس معاملے کو لے کر کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں یوتھ کانگریس کی جانب سے ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور نیٹ امتحانات میں بدعنوانی کرنے کا الزام عائد کیا گیا۔ کرانتی چوک پر منعقدہ اِس تحریک میں طلباء اور والدین نے ضلع یوتھ کانگریس کے صدر وشواس ولاس اوتاڑے کی قیادت میں شدید احتجاج کیا۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس پارٹی کی سُنیترا پوار کا راجیہ سبھا کے رکن کے طور پر انتخاب عمل میں آیا ہے۔ مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی سیکریٹریٹ کے سیریٹری اور ریٹرنگ آفیسر جتیندر بھولے نے یہ اعلان کیا۔ اِس ضمنی انتخاب میں صرف سُنیترا پوار نے ہی ایک درخواست داخل کی تھی۔ اِس لیے یہ انتخاب بلا مقابلہ عمل میں آیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں امباجوگائی ' ناندیڑ ' پربھنی اور دھاراشیو کے کسانوں نے تجویز کردہ شکتی پیٹھ شاہراہ کی تعمیر کو منسوخ کرنے کی مانگ پر کل مظاہرہ کیا۔ احتجاج کرنے والے کسانوں کا مطالبہ ہے کہ زرخیزی ' باغاتی زمینوں سے نہ گذارے۔ اِس مانگ کو لے کر کل کولہاپور میں کلکٹر دفتر پر بڑا جلوس نکالا گیا۔

دوسری جانب ایوت محل کے کسان شکتی پیٹھ شاہراہ کی تعمیر کی حمایت کر رہے ہیں۔ اُن کا دعویٰ ہے کہ اِس شاہرا کی غلط تصویر پیش کی جارہی ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ یہ شاہراہ مستقبل میں کسانوں اور نوجوانوں کو روزگار مہیا کرے گی۔ اُن کسانوں نے مناسب معاوضے کے ساتھ اراضی کی تحویل کے حصول کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا سی پی آئی نے بجلی کے اسمارٹ میٹر کی تنصیب منسوخ کیے جانے تک احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی کی ریاستی ایکزیکیٹیو کمیٹی کے رکن ابھئے ٹاکسال نے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں منعقدہ اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے اِس موقعے پر مطالبہ کیا کہ ادانی پاور ‘ این سی سی وغیرہ کمپنیوں کو دیا گیا ٹھیکہ اسمبلی انتخابات سے قبل منسوخ کر دیا جائے۔

***** ***** *****

ریاستی زرعی ویلیو کمیشن کے سربراہ پاشا پٹیل کی پہل پر لاتور ضلعے میں 200 ؍ہیکٹر رقبے پر موٹے اناج کی تخم ریزی کی جائے گی۔ اِس مہم کا آغاز کل ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کے ہاتھوں اوسا تعلقے کے لوڈ گاؤں میں باجرے کی تخم ریزی کے ساتھ کیا گیا۔ اِس موقعے پر ضلع کلکٹر نے محکمہ زراعت سے ضلعے میں جوار اور باجرے کے ساتھ بھگر ‘ راجگیری اور رالے کی زیادہ سے زیادہ رقبے پر تخم ریزی کروانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **عوام کا اعتماد ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہے ‘ وزیر اعظم کا بیان**
- ☆ **کسان سمّان اسکیم کے تحت 9 ؍کروڑ 26 ؍لاکھ کسانوں کو فنڈ کی 17 ؍ویں قسط جاری**
- ☆ **یوگا کے 10 ؍ویں عالمی دن کے موقعے پر شری نگر میں مرکزی تقریب کا انعقاد**
- ☆ **قانون ساز کاؤنسل کی 11 ؍نشستوں کے انتخابی پروگرام کا اعلان**
- ☆ **ریاستی حکومت کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوئی ‘ او بی سی رہنما لکشمن ہاکے کی وضاحت**

**اور**

- ☆ **مراٹھواڑہ میں کسانوں نے تجویز کردہ شکتی پیٹھ شاہراہ کی تعمیر کو منسوخ کرنے کا کیا مطالبہ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆